# ضمنی انتخابات آنے والے وقت کا پیغام ہیں؛ نواز شریف

ہمیں توقعات سے بڑھ کر کامیابی ملی ہے ہم نے پی ٹی آئی کی کئی نشستیں جیتی ہیں ہمارے دور حکومت میں مہنگائی نہیں تھی

پاکستان کی تاریخ کا یہ پہلا رزلٹ تھا کے ۲ ماہ کے اندر ہمیں توقعات سے بھی زیادہ کامیابی ملی آنے والا وقت اور اچھا ہوگا



رپورٹ؛ (رفعت علی)

مسلم لیگ (ن) کے قائد سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف نے کہا کے ضمنی انتخابات کے نتائج آنے والے وقت کے لئے ایک اہم پیغام ہیں پہلی دفعہ ۲ ماہ کے اندر ایسا رزلٹ آیا۔

ضمنی انتخابات میں ہمیں ہماری توقعات سے بڑھ کر کامیابی ملی جب کہ پارٹی قیادت پر جا بجا پابندیوں کے باوجود مسلم لیگ (ن) کو عوام نے ووٹ دیئے الیکشن میں پاکستان تحریک انصاف کی کئی نشستیں بھی ہم نے جیتی ہیں جب کے گذشتہ چار سال تک ہماری حکومت میں ڈالر کی قیمت میں استحکام رہا ڈالر 104 روپے سے نہیں بڑھا۔

مہنگائی بھی کم تھی عوام خوشحال تھے ہم نے اپنا فرض سمجھ کر عوام کی خدمت کی۔

سابق وزیر اعظم نے کہا کے میں عوام کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے موجودہ صورتحال کے باوجود مسلم لیگ (ن) کو ووٹ دیئے۔

مہنگائی کے معاملات آپ کے سامنے ہیں ہماری حکومت میں غریب مطمئن تھا۔

آج انہی کی دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ خدا مسلم لیگ (ن) کو کامیاب کر رہا ہے نواز شریف نے مزید کہا کے جس طرح مجھ پر اور شہباز شریف پر مقدمات بنائے گئے وہ پوری دنیا جانتی ہے میں جیل میں رہا

اب شہباز شریف جیل میں ہیں۔

سعد رفیق سے جو سلوک ہو رہا ہے ان کے بارے میں تاثر دیتے ہوئے نواز شریف نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ آج نہیں تو کل انہیں پکڑ لیں گے